# مختصر سوالات

☆ درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

**-1 ''خالق کا بھی ہوتا ہے عرفان مدینے میں'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟**

جواب: ''خالق کا بھی ہوتا ہے عرفان مدینے میں'' سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ کی معرفت اور پہچان مدینے میں ہوتی ہے۔

**-2 حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو کب کون سی تلوار پسند آئی؟ کیا وہ تلوار انھیں ملی؟**

جواب: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو سعید بن العاص کی ذوالکتیفہ نامی تلوار پسند آ گئی۔ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے انہیں حکم دیا کہ اسے جہاں سے اُٹھایا ہے، وہیں رکھ دو لیکن بعد میں آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے تلوار لینے کی اجازت دے دی۔

**-3 عشرہ مبشرہ سے کیا مراد ہے؟**

جواب: عشرہ مبشرہ سے مراد وہ دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہیں جنھیں نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے ایک ہی مجلس میں جنتی ہونے کی خوش خبری دی تھی۔

**-4 جس نظم میں اللہ کی تعریف بیان کی جائے اُسے صنف سخن میں کیا کہتے ہیں؟**

جواب: جس نظم میں اللہ کی تعریف بیان کی جائے اُسے صنف سخن میں ''حمد'' کہتے ہیں۔

**-5 ''تری زمیں کے یہ چاند تارے'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟**

جواب: ''تری زمیں کے یہ چاند تارے'' سے شاعر کی مراد وطن عزیز کے شہری ہیں، یعنی اہلِ وطن چاند ستاروں کی مثل ہیں۔

**-6 اتحاد کے چند فوائد بتائیں۔**

جواب: اتحاد کے چند فوائد درج ذیل ہیں:

(۱) اتحاد کے ذریعے کسی بھی مقصد کا حصول آسان ہو جاتا ہے۔

(۲) اتحاد سے قوموں کی تقدیر بدلتی ہے۔

(۳) اتحاد سے کام جلدی اور بہ آسانی ہو جاتے ہیں۔

(۴) اتحاد کے ذریعے بڑے سے بڑے دشمن کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔

(۵) اتحاد سے رہنے والوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد شامل ہوتی ہے۔

**-7 ''دن پھرنا'' ایک محاورہ ہے، اس کا کیا مطلب ہے؟**

جواب: ''دن پھرنا'' سے مراد حالات سدھرنا، پریشانی کا زمانہ ختم ہو جانا اور خوش بختی کے دن آنا۔

**-8 شبیر شریف شہید کو کن دو اعزازات سے نوازا گیا؟**

جواب: میجر شبیر شریف شہید پاک فوج کے واحد آفیسر ہیں جنھیں دو اعزازات ''ستارۂ جرأت اور نشانِ حیدر'' سے نوازا گیا۔

**-9 ڈیجیٹلائزیشن سے کیا مراد ہے؟**

جواب: ڈیجیٹلائزیشن طریقے کے تحت وہ سرکاری اہل کار جنھوں نے کسی شہری کا کوئی کام کرنا ہوتا ہے اور وہ شہری جنھوں نے ان سے کام کروانا ہوتا ہے، دونوں کو ایک دوسرے سے دور کر دیا جاتا ہے، یعنی شہریوں کے مسائل آن لائن یا ڈیجیٹل نظام کے تحت ایک خودکار انداز میں حل کیے جاتے ہیں۔

**-10 ثقافت کسے کہتے ہیں؟**

جواب: انسانوں کے مشترکہ رہن سہن اور زندگی بسر کرنے کے طور طریقوں کو ثقافت کہتے ہیں۔

**-11 میلا مویشیاں کب اور کہاں لگتا ہے؟**

جواب: میلا مویشیاں فروری کے آخری ہفتے میں لاہور میں منعقد ہوتا ہے۔

**-12 کوئٹہ کے زلزلے میں کتنے افراد ہلاک اور زخمی ہوئے؟**

جواب: کوئٹہ کے زلزلے میں 60000 کے قریب افراد موت کے منہ میں چلے گئے اور ۶۰ فیصد سے زیادہ عمارات ملبے کا ڈھیر بن گئیں۔

**-13 پاکستان کی ثقافت کیسی ہے؟**

جواب: پاکستان کی اپنی تہذیب و ثقافت ہے۔ ان کے لباس، ان کی صدیوں پرانی روایات کے امین ہیں۔ ان کے کھانے، ان کی زبانیں، رسم و رواج اور طرزِ تعمیر اپنے اندر ایک انفرادیت لیے ہوئے ہے۔

**-14 چند ایسے ممالک کے نام لکھیں جو سارا سال گرم رہتے ہیں۔**

جواب: (۱) سعودی عرب (۲) کویت (۳) قطر

**-15 موسم گرما اور موسم سرما میں کس قسم کا لباس پہنا جاتا ہے؟**

جواب: موسم گرما میں ہلکے اور باریک کپڑے پہنے جاتے ہیں جب کہ موسم سرما میں موٹے اور گرم کپڑے پہنے جاتے ہیں۔

**-16 حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے اپنا گھوڑا دریا میں کب اور کیوں ڈالا؟**

جواب: بہرہ شیر اور دارالحکومت مدائن کے درمیان دریائے دجلہ حائل تھا۔ ایرانیوں نے مسلمانوں کے خوف سے دریا پر جہاں جہاں پُل تھے توڑ دیے اور دریا کے دامن میں پناہ لی۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ایرانیوں کی سرکوبی کے لیے دریائے دجلہ میں اپنا گھوڑا ڈال دیا۔

**-17 درسِ عمل کا کیا مطلب ہے؟**

جواب: درسِ عمل سے مراد محنت و مشقت اور عمل کرنے کا سبق ہے۔

**-18 موسم بہار کا منظر دو جملوں میں بیان کریں۔**

جواب: (i) درختوں پر نئے پتے نکلتے ہیں، نئی کونپلیں پھوٹتی ہیں۔ ہر طرف پھول ہی پھول اور سبزہ دکھائی دیتا ہے۔

(ii) موسمِ بہار میں پھولوں کی نمائشیں منعقد کی جاتی ہیں، جو لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کرتی ہیں۔

-19 اسلام سے قبل عربوں کے کیا حالات تھے؟

جواب: اسلام سے قبل عربوں کی حالتِ زار کا جائزہ لیں تو اُس دورِ جہالت میں عورتوں کے کوئی حقوق نہ تھے۔ بیٹی کی پیدائش پر بجائے خوشی منانے کے سوگ کا سا سماں تھا۔ بعض مقامات پر تو بیٹی کو زندہ درگور کر دیا جاتا تھا۔ عورت کو کسی بھی حیثیت میں عزت کی زندگی نصیب نہ تھی۔

-20 کیا ریاست صرف سزا و جزا کے ذریعے کرپشن پر قابو پا سکتی ہے؟

جواب: ریاست صرف سزا و جزا سے کرپشن پر قابو نہیں پا سکتی، اس کے لیے ضروری ہے کہ عوام الناس کی ضروریات کا خیال رکھا جائے اور ایمان دار لوگوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

-21 علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی تین کتابوں کے نام بتائیں۔

جواب: علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی تین کتابوں کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) ضربِ کلیم (۲) بانگِ درا (۳) بالِ جبریل

-22 ہنگول نیشنل پارک میں سیاحوں کی آمد کا آغاز کب ہوا؟

جواب: ہنگول نیشنل پارک میں سیاحوں کی آمد کا باقاعدہ آغاز ۲۰۰۴ء میں مکران کوسٹل ہائی وے کی تکمیل کے بعد ہوا۔

-23 اسلام نے مردوں کو بیویوں کے معاملے میں کیا حکم دیا ہے؟

جواب: اسلام نے مردوں کو حکم دیا کہ وہ اپنی بیوی کی تمام ضروریات پوری کریں۔ اس کے نان و نفقہ کا اپنی حیثیت کے مطابق اہتمام کریں۔ اس سے نرمی اور شفقت سے پیش آئیں۔

-24 عمل کے جوہر دکھانے سے کیا مراد ہے؟

جواب: عمل کے جوہر دکھانے سے مراد یہ ہے کہ اپنے اچھے عمل کی خوبیاں لوگوں کو دکھاؤ، ایسے کام کرو جن سے آپ کی لیاقت بڑھے۔

-25 اللہ تعالیٰ نے انسان کو کس انمول نعمت سے نوازا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے انسان کو عقل و شعور جیسی انمول نعمت سے نوازا ہے۔

-26 موسم بہار میں کون سی نمائشیں منعقد کی جاتی ہیں؟

جواب: موسم بہار میں پھولوں کی نمائشیں منعقد کی جاتی ہیں۔

-27 ۱۹۶۵ء کی جنگ کے دوران شبیر شریف شہید فوج میں کس عہدے پر فائز تھے؟

جواب: ۱۹۶۵ء کی جنگ کے دوران میجر شبیر شریف شہید سیکنڈ لیفٹیننٹ کے عہدے پر فائز تھے۔

-28 مایوسیوں میں اُمید کے نغمے کس طرح چھیڑے جا سکتے ہیں؟

جواب: مایوسیوں میں اُمید کے نغمے اس طرح چھیڑے جا سکتے ہیں کہ اگر کہیں کسی کام میں مایوسی آ جائے تو جان لو کہ ہر تنگی کے بعد آسانی آتی ہے، لہٰذا ہمت نہ ہارو اور بڑھتے چلے جاؤ۔

-29 قدرتی آفت کسے کہتے ہیں؟

جواب: قدرتی آفت سے مراد طاعون، ہیضے اور ملیریا جیسی وبائیں ہیں۔ اس کے علاوہ زلزلے، بارشیں اور سیلاب بھی قدرتی آفات ہیں۔

-30 حضورِ اکرم خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی خوش مزاجی سے متعلق حضرت عبد اللہ بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے الفاظ تحریر کریں۔

جواب: حضرت عبد اللہ بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ "میں نے رسول اللہ خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے زیادہ مُسکرانے والا کسی کو نہیں دیکھا۔

-31 گھر کے کاموں میں والدین کی مدد کرنی چاہیے یا نہیں؟

جواب: گھر کے کاموں میں والدین کی مدد ضرور کرنی چاہیے۔

-32 مری کو ملکہ کوہسار کیوں کہا گیا ہے؟

جواب: ملکہ کوہسار کا مطلب ہے پہاڑوں کی ملکہ۔ مری کو ملکہ کوہسار اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہ ایک خوب صورت پہاڑی اسٹیشن ہے جو سیاحوں کے دلوں کے بہت قریب ہے۔ یہاں پہاڑوں کے قدرتی نظارے سیاحوں کو اپنی طرف کھینچتے ہیں۔

-33 "صداقتوں کے دِیے" کا کیا مطلب ہے؟

جواب: "صداقتوں کے دِیے" سے مراد سچائی کے چراغ جلانا ہے، یعنی اہلِ وطن سچ کا پیغام سنانے والے ہیں۔

-34 "زندگی ہو مری پروانے کی صورت یارب!" میں پروانہ کس چیز کی علامت بن کر سامنے آیا ہے؟

جواب: پروانہ "علم" کی علامت بن کر سامنے آیا ہے۔

-35 شفافیت سے کیا مراد ہے؟

جواب: شفافیت سے مراد کسی چیز کا شفاف ہونا یعنی ایمان داری ہے۔

-36 کرپشن (بدعنوانی) کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: کرپشن (بدعنوانی) کسی بھی معاشرے کے لیے زہر قاتل سے کم نہیں۔ کرپشن عدالتی اور سیاسی نظام کو مفلوج کر دیتا ہے۔ کرپشن معاشی ترقی اور نمو میں بہت بڑی رکاوٹ ہے۔

-37 پاکستان میں کون سی اقلیتیں رہائش پذیر ہیں؟

جواب: پاکستان میں ہندوؤں، سکھوں اور مسیحیوں کی ایک بڑی تعداد رہائش پذیر ہے۔

-38 اندھیرا دُور ہونے سے کیا مفہوم نکلتا ہے؟

جواب: اندھیرا دُور ہونے کا مفہوم یہ ہے کہ جہالت کی تاریکیاں اور اندھیرے ختم ہو کر علم کی شمع روشن ہو جائے۔

**39- پاکستان کو جغرافیائی اعتبار سے کیسے تقسیم کیا گیا ہے؟**

جواب: جغرافیائی طور پر پاکستان کو 24.50 اور 36.75 عرض بلد شمال 61 سے 75.5 طول بلد مشرق کے درمیان تقسیم کیا گیا ہے۔

**40- حسِ لطیف سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

جواب: پُر لطف، عمدہ اور حسن و جمال کی محسوسات، نرم و ملائم اور پاکیزہ باتوں کے احساس کو حسِ لطیف کہتے ہیں۔

**41- قبل از اسلام لڑکیوں یا بیٹیوں سے کیسا سلوک کیا جاتا تھا؟**

جواب: قبل از اسلام لڑکیوں یا بیٹیوں کی پیدائش پر بجائے خوشی کے سوگ کا سماں ہوتا تھا۔ بعض مقامات پر بیٹی کو زندہ درگور کر دیا جاتا تھا۔

**42- کرپشن کی چند صورتیں بیان کریں۔**

جواب: چھوٹے یا بڑے پیمانے پر مالیاتی ہیر پھیر، غبن، دھوکہ، فریب، جھوٹ، بے قاعدگی سے مال بنانا کرپشن کی چند معروف صورتیں ہیں۔

**43- میجر شبیر شریف کا میجر راجا عزیز بھٹی شہید سے کیا رشتہ ہے؟**

جواب: میجر شبیر شریف شہید، میجر راجا عزیز بھٹی شہید کے بھانجے تھے۔

**44- آپ دُعا میں زیادہ تر کیا مانگتے ہیں؟**

جواب: میں دُعا میں زیادہ تر دُنیا اور آخرت کی بھلائی مانگتا ہوں۔

**45- سیلاب کس طرح نقصان پہنچاتا ہے؟**

جواب: سیلاب کی وجہ سے ہزاروں انسان اور جانور موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں، مکان ڈھے جاتے ہیں، گاڑیاں سیلاب کے پانی میں بہہ جاتی ہیں اور فصلیں تباہ و برباد ہو جاتی ہیں۔

**46- بہترین دماغ کے لیے کیا ضروری ہے؟**

جواب: بہترین دماغ کے لیے صحت مند جسم ہونا ضروری ہے۔

**47- نبی اکرم خَاتَمَ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اپنی بیٹی فاطمہ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا کو کس طرح عزت سے نوازتے تھے؟**

جواب: نبی اکرم خَاتَمَ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے اپنی پیاری بیٹی حضرت فاطمہ الزہرا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا کو مثال بنا کر ہماری تربیت کی۔ آپ خَاتَمَ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے حضرت فاطمہ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا کی جس پیار اور شفقت سے پرورش کی وہ ہمارے لیے مثال ہے۔ حضرت فاطمہ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا جب بھی آپ خَاتَمَ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے ملنے کے لیے تشریف لاتیں تو آپ خَاتَمَ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اُن کا استقبال کھڑے ہو کر کرتے۔ اُن کے بیٹھنے کے لیے اپنی چادر بچھاتے۔

**48- آپ اپنے وطن کا وقار بڑھانے کے لیے کیا کر رہے ہیں؟**

جواب: میں اپنے وطن کا وقار بڑھانے کے لیے سچائی، محنت، خلوصِ نیت اور لگن جیسی صفات اپنا کر وطن کا وقار بڑھانے کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہا ہوں۔

**49- موسم سرما میں کون سے خشک پھل کھائے جاتے ہیں؟**

جواب: موسم سرما میں خشک پھل جیسے کہ پستہ، بادام، اخروٹ، چلغوزے، گرم گرم چنے، مکئی، کا جو اور مونگ پھلی بڑے شوق سے کھائے جاتے ہیں۔

**50- ایک اچھا معاشرہ خواتین کو کس طرح کے حقوق دیتا ہے؟ مختصر بیان کریں۔**

جواب: ایک اچھا اور مہذب معاشرہ خواتین کو مساوات کی بنیاد پر حقوق دیتا ہے۔ ان میں بنیادی طور پر تعلیم حاصل کرنے کا مکمل حق، صحت کی بہترین سہولیات کا حق، معاشی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے مساوی مواقع، اور ملکیت یا وراثت میں حق شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، انہیں ہر قسم کے تشدد سے تحفظ اور اپنی رائے کے اظہار کی آزادی دی جاتی ہے۔